Department of Education
Chancellor Meisha Porter

خاص تعلیم بحالی کی خدمات

عزیزی والدین اور سرپرست،

جیسے کہ تعلیمی سال شروع ہورہا ہے، ہمیں معلوم ہے کہ آپ میں سے کئی کے کُل وقتی خود موجودگی (اِن پرسن) تعلیم میں واپس آنے کے بارے میں تحفظات ہیں۔ ہم نے بہت کوشش کی ہے کہ طلبا کو شامل اور ترق پذیر رکھیں، مگر ہمیں معلوم ہے کہ تمام طلبا اس عالمی وبا کی وجہ سے کسی تعلیمی رکاوٹ کے تجربے سے گزرے ہیں۔ ہم آپ کو ہمارے انفرادی تعلیمی پروگراموں (IEPs) کے حامل طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے اپنے منصوبوں کے بارے میں بتانے کے لیے لکھ رہے ہیں۔

اس خزاں کے شروع میں، محکمَہ تعلیم کا ہر اسکول خاص تعلیم میں بحالی کی خدمات فراہم کرنے کے لیے بعد از اسکول یا سنیچر پروگرام (یا دونوں کا ایک مجموعہ) کی پیشکش کریگا۔ خاص تعلیم کی بحالی خدمات مخصوص تعلیم اور متعلقہ خدمات ہیں، جنکا ہدف ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کی تکمیل کرنا ہے۔ IEPs کے حامل طلبا کو یہ خدمات انکے عام اسکول دن کے علاوہ فراہم کی جائیں گی۔ یہ آپکے بچے کو جتنی جلد ممکن ہو اضافی خدمات موصول کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں، آپکے گزارش کیے جانے کی ضرورت کے یا ایک انتظامی طریقِ کار کے لیے انتظار کرنے کے بغیر۔

اب جبکہ ہم طلبا کو دوبارہ خوش آمدید کہہ رہے ہیں، اسکول آپ کے بچے کی IEP اہداف کی جانب پیش رفت پر کڑی نگرانی رکھیں گے۔ ہم تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت آپ کے بچے کی پیشرفت اور ضروریات کے بارے میں آپ کے تبصروں کی بھی قدر کرتے ہیں۔ وسط نومبر تک، آپ کے بچے کا استاد یا متعلقہ خدمت فراہم کنندہ آپ سے رابطہ کریگا، اور آپ کے تبصروں اور نظام الاوقات میں کسی بھی ترجیحات کی بنیاد پر، آپ کے بچے کی خاص تعلیم میں بحالی کی خدمات کے لیے ایک منصوبہ تشکیل دیگا۔

زیادہ تر طلبا کے لیے، خاص تعلیم میں بحالی کی خدمات نومبر یا دسمبر میں شروع ہو جائیں گی۔ ان خدمات کو قبول کرنا آپکے بچے کے لیے کسی بھی اضافی خدمات کے حقوق سے دست بردار نہیں کرتا ہے، بشمول تلافی خدمات۔ ہم آپ سے تعلیمی سال میں بعد میں اس پر بات چیت کرنے کے لیے رابطہ کریں گے کہ آیا مزید خدمات درکار ہونگی، آپکے بچے کی پیش رفت اور خدمات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے جو مارچ 2020 سے فراہم کی گئی ہیں۔

اس تعلیمی سال کے دوران ہم آپکی شراکت کے ساتھ آپکے بچے کی تعلیم اور فروغ کے لیے بہترین معاونت فراہم کرنے لے لیے پُرعزم ہیں۔ خاص تعلیم میں بحالی کی خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، برائے مہربانی 5 اکتوبر، 2021 کو شام 7:30 بجے براہِ راست معلوماتی اجلاس برائے اہلِ خانہ میں ہمارے ساتھ شامل ہوں، یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ آپ اپنے بچے کے اسکول سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، ای میل کریں specialeducation@schools.nyc.gov، یا 311 کو کال کریں۔

گرمجوشی کیساتھ،

Christina Foti
تعلیم کی نائب افسرِ اعلی
شعبہ برائے متخص تدریس اور طالبانہ معاونت
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم